# 2021

## URDU—GENERAL

## Paper : DSE–B–3

## (Meer)

**Full Marks:65**

*The figures in the margin indicate full marks.*
*Candidates are required to give their answers in their own words as far as practicable.*

1 . درج ذیل سوالات میں سے کسی دس کے مختصر جواب دیجئے۔ 2×10=20

(i) میر کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی؟

(ii) میر کے والد کا کیا نام تھا اور ان کا لقب کیا تھا؟

(iii) میر کے آباواجداد کہاں سے ہندوستان آئے تھے اور کس شہر میں آباد ہوئے تھے؟

(iv) خان آرزو کون تھے اور ان سے میر کا کیا رشتہ تھا؟

(v) میر کی غزلوں کے موضوعات میں سے کسی دو کا ذکر کیجئے۔

(vi) ’’الٹی ہوگئیں سب تدبیریں کچھ نہ دوا نے کام کیا‘‘
دوسرا مصرعہ لکھ کر شعر مکمل کیجئے۔

(vii) میر کے کسی دو ہم عصر شاعروں کے نام بتائیے۔

(viii) میر کا کوئی ایسا شعر لکھئے جس میں ’’دلی‘‘ کا ذکر ہو؟

(ix) ’’عشق‘‘ کے موضوع پر میر کا کوئی شعر لکھئے۔

(x) ’’شعر شور انگیز‘‘ کیا ہے اور اس کے مصنف کون ہیں؟

(xi) ’’میر اور اسلوبیات میر‘‘ کے مصنف کا نام لکھئے۔

(xii) ''نقدِ میر'' اور ''افکارِ میر'' کے مصنف کا نام لکھئے۔

(xiii) ''در ہجو خانۂ خود'' کیا ہے اور اس کے کیا معنی ہے؟

2 . درج ذیل سوالات میں سے کسی تین کے جواب لکھئے۔ 10×3=30

(i) میر کی حالاتِ زندگی سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجئے۔

(ii) میر کے عہد میں اردو غزل کا جو منظر نامہ تھا اس پر اظہارِ خیال کیجئے۔

(iii) میر کی غزل گوئی کا تنقیدی جائزہ لیجئے۔

(iv) میر کی رباعیوں کا اجمالی جائزہ پیش کیجئے۔

(v) میر کو بحیثیت مثنوی نگار پیش کیجئے۔

3. درج ذیل اشعار میں سے کسی تین کی تشریح کیجئے۔ 5×3=15

(i) فقیرانہ آئے صدا کر چلے
کہ میاں خوش رہو ہم دعا کر چلے

(ii) پہنچا جو آپ کو تو میں پہنچا خدا کے تئیں
معلوم اب ہوا کہ بہت میں بھی دور تھا

(iii) ناحق ہم مجبوروں پر یہ تہمت ہے مختاری کی
چاہتے ہیں سو آپ کریں ہیں ہم کو عبث بدنام

(iv)

نہ چھوڑی دشمنوں نے گھر میں شئے دوست
نہ چھوڑا پیچھے جیتا کوئی اے دوست
رہیں نالاں نہ کیوں کر مثلِ نے دوست
ستم گزرا غضب ہے دوست ہے دوست

(v)

ملیے اس شخص سے جو آدم ہووے
نازاں اس کو کمال پر بہت کم ہووے
ہو گرم سخن تو گرد آوے یک خلق
خاموش رہے تو ایک عالم ہووے